صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 10 اکتوبر 2017ء بمطابق 19 محرم الحرام 1439 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔

محترمہ مہرتاج روغانی، ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَانِ الرَّحِيمِ۔

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ O فَتَعَالَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ O وَمَن يَدْعُ مَعَ اللّٰهِ إِلَٰهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ O وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ۔

(ترجمہ): کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے فائدہ پیدا کیا ہے اور یہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے تو خدا جو سچا بادشاہ ہے (اس کی شان) اس سے اونچی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی عرش بزرگ کا مالک ہے اور جو شخص خدا کے ساتھ اور معبود کو پکارتا ہے جس کی اس کے پاس کچھ بھی سند نہیں تو اس کا حساب خدا ہی کے ہاں ہو گا۔ کچھ شک نہیں کہ کافر رستگاری نہیں پائیں گے اور خدا سے دعا کرو کہ میرے پروردگار مجھے بخش دے اور (مجھ پر) رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔ رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِي۔ پلیز، ایک بات کلیئر کرنا چاہتی ہوں I will be taking point of order، بالکل سب کے میرے پاس آئے بھی ہیں لیکن ایجنڈے کے بعد، We start with the Questions / Answers Session، محترمہ ثوبیہ شاہد، کوئسچن نمبر 5419، ثوبیہ شاہد۔

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

محترمہ ڈپٹی سپیکر: محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ نہیں ہیں تو یہ کوئسچن Lapsed ہو گیا۔ کوئسچن نمبر 5426، ملک نور سلیم صاحب، ملک نور سلیم خان۔

* 5426 _ جناب نور سلیم ملک: کیا وزیر لیبر ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کہ سال 2013 کے بعد ورکرز ویلفیئر بورڈ میں بھرتیاں کی گئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013 کے بعد بھرتی شدہ ملازمین کی فہرست، ان کے تعلیمی کوائف اور بھرتی کی تاریخ، ایڈجسٹمنٹ، ملازمین دوبارہ بحال کئے گئے، ملازمین تبدیل کئے گئے اور ترقی پانے والے ملازمین کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عبدالمنعم (معاون خصوصی برائے صنعت و حرفت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) سال 2013 کے بعد صرف ایک ٹیچر اور 20 کلاس فور پوسٹوں پر افراد بھرتی کئے گئے ہیں جن کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

نیز سال 2013 کے بعد دوبارہ بحال کئے گئے / ایڈجسٹڈ ملازمین اور تبدیل کئے گئے ملازمین کی تفصیل بھی ایوان کو فراہم کی گئی، مزید برآں سال 2013 کے بعد کسی ملازم کو ترقی نہیں دی گئی۔

جناب نور سلیم ملک: بہت شکریہ، میڈم! کس سے بات کریں، یہاں تو سامنے کوئی موجود ہی نہیں ہے؟

Madam Deputy Speaker: Law Minister has prepared. He came to my chamber and he prepared all the answers because there is no Minister for Labor and Industries.

Mr. Noor Saleem Malik: Has he? That is wonderful if he has, Madam! Is Question number 5447?.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نہیں، 5426 ہے میرے پاس۔

جناب نور سلیم ملک: 5426 ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: 5426 ہے۔ پلیز، آئی ٹی والے ذرا ہیلپ کریں۔

جناب نور سلیم ملک: ٹھیک ہے میڈم! یہ 5426 ہی ہے۔ جی ہاں، میڈم! کوئسچن تھا کہ آیا یہ درست ہے کہ سال 2013 کے بعد ورکرز ویلفیئر بورڈ میں بھرتیاں کی گئی ہیں؟ جواب تھا کہ ہاں، یہ درست ہے، اس کا دوسرا حصہ تھا (ب) کہ اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013 کے بعد بھرتی شدہ ملازمین کی فہرست، ان کے تعلیمی کوائف اور بھرتی کی تاریخ، ایڈجسٹمنٹ ملازمین دوبارہ بحال کئے گئے یا تبدیل کئے گئے اور ترقی دی گئی، کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟ تو میڈم! انہوں نے تفصیل فراہم کی ہے، یہاں پہ جواب میں بتایا گیا ہے کہ Re-instatement کی گئی ہے کچھ ملازمین کی نومبر 2013 میں، یہ نہیں بتایا کہ ان کی دوبارہ فروری 2014 میں Cancelation کیوں ہوئی؟ ایک تو یہ بات بڑی اہم ہے، دوسرا یہ ہے کہ یہاں پہ تبادلوں کی بات کی گئی، یہاں پہ بتایا گیا ہے کہ مختلف تبادلے کئے گئے، ایک لمبی لسٹ فراہم کی گئی ہے جس میں مختلف تبادلے نظر آرہے ہیں جو کہ ایک ضلع سے دوسرے ضلع میں کئے گئے ہیں اور وہ بھی کلاس فور کے تبادلے، تو میں پوچھنا چاہوں گا منسٹر صاحب سے کہ حکومت میں ایک کلاس فور کو ویسے بھی اسی ضلع کا لوکل ہونا چاہیئے، تو کیسے ان کو بنوں سے ڈی آئی خان ٹرانسفر کیا گیا، پشاور سے کوہاٹ ٹرانسفر کیا گیا، تو اس کی کیا وجوہات تھیں؟ شکریہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے جی، لاء منسٹر امتیاز شاہد صاحب۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): میڈم سپیکر، آنریبل ممبر صاحب نے کوئسچن کیا ہے کہ آیا یہ درست ہے کہ 2013 کے بعد ورکرز ویلفیئر بورڈ میں بھرتیاں کی گئیں؟ جواب، ہاں، یہ درست ہے۔ پھر انہوں نے نیکسٹ کوئسچن کیا ہے کہ اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013 کے بعد بھرتی شدہ ملازمین کی فہرست، ان کے تعلیمی کوائف، بھرتی کی تاریخ، ایڈجسٹمنٹ ملازمین دوبارہ بحال کئے گئے، ملازمین تبدیل کئے گئے اور ترقی دی گئی، ان تمام ملازمین کی مکمل فہرست فراہم کریں؟ جواب ہے کہ 2013 کے بعد صرف ایک ٹیچر اور بیس کلاس فور پوسٹوں پر افراد بھرتی کئے گئے جس کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

2013 کے بعد دوبارہ بحال کئے گئے، ایڈجسٹمنٹ ملازمین اور تبدیل کئے گئے ملازمین کی تفصیل بھی ایوان کو فراہم کی گئی ہے، مزید برآں 2013 کے بعد کسی ملازم کو ترقی نہیں دی گئی۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ کلاس فور کی District based recruitment ہوتی ہے اور عام طور پہ کلاس فور کی جو بھی Recruitment ہوتی ہے وہ عموماً اسی ڈسٹرکٹ میں ہوتی ہے، اگر آپ کی نظر میں ایسی کوئی بات ہے جو کہ کسی اور ڈسٹرکٹ سے کلاس فور کو دوسرے ڈسٹرکٹ میں بھرتی کیا گیا ہے جہاں وہ Entitled نہیں تھا تو یہ بالکل قانون کے تقاضے پورے نہیں کرتا، میں اس کی مخالفت کرتا ہوں اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ کمیٹی میں چلا جائے تاکہ Facts سامنے آجائیں تو اس کے لئے کے لئے میں تیار ہوں۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: جی۔

<u>جناب نور سلیم ملک</u>: شکریہ، میں منسٹر صاحب کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے بات کو لپیٹا، بہر حال جو بات میں کر رہا تھا، وہ یہ تھی کہ یہاں پر مختلف پوسٹنگز اور ٹرانسفرز ہوئی ہیں اور وہ ٹرانسفرز ایک ڈسٹرکٹ سے دوسرے ڈسٹرکٹ میں ہوئی ہیں کیونکہ یہاں پہ اسمبلی میں اس کو تفصیلی طور پر ڈسکس نہیں کر سکیں گے اور جیسے انہوں نے کہا کہ کچھ پوسٹیں جو ہیں وہ Fill بھی کی گئی ہیں لیکن میں نے ان سے سوال کیا تھا کہ وہ دوبارہ تین مہینے کے اندر ان کو دوبارہ Terminate کر دیا، تو اس کا بھی جواب نہیں تھا، تو بہتر یہ ہوگا کہ اگر یہ کمیٹی میں چلا جائے اور وہاں پہ ہم اس پر تفصیلی طور پر تبادلہ خیال کر سکیں۔ شکریہ۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Madam Deputy Speaker</u>: The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the concerned Committee. Ji, Aamna Sardar Sahiba.

<u>محترمہ آمنہ سردار</u>: شکریہ میڈم سپیکر صاحبہ۔۔۔۔۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: پلیز، یہ کوسچن نمبر پڑھ لیں ذرا۔

<u>محترمہ آمنہ سردار</u>: کوسچن نمبر 5445۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: جی جی۔

محترمہ آمنہ سردار: کوئسچن نمبر5445۔

* 5445 _ محترمہ آمنہ سردار: کیاوزیر محنت وافرادی قوت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے میں مزدور طبقہ موجود ہے؛

(ب) اگر (الف)کا جواب اثبات میں ہو تو ان مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور ضمانت کے لئے کوئی حکمت عملی یاپالیسی موجود ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عبدالمنعم (معاون خصوصی برائے صنعت و حرفت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں،یہ درست ہے۔

(ب) مزدروں کے حقوق اور تحفظ کے لئے صوبے میں لیبر قوانین پہلے سے موجود تھے لیکن اٹھارہویں ترمیم کے بعد حکومت خیبر پختونخوانے ان وفاقی قوانین کوProvincialize کیااور ابھی تک تمام اہم لیبر قوانین جن کی تعداد گیارہ ہےProvincialize ہو چکے ہیں۔ان قوانین کے اطلاق سے مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایاجاتاہے،اس بات کاذکر ضروری ہے کہ صوبائی حکومت نے لیبر قوانین کادائرہ کار وسیع کیااور کئی نئے شعبے جیساکہ پرائیویٹ ہسپتال،پرائیویٹ تعلیمی اداروں اور پرائیویٹ سیکورٹی ایجنسیز وغیرہ کو لیبر قوانین کے ماتحت کیاتاکہ ان اداروں میں کام کرنے والے کارکنان کو لیبر قوانین کے اطلاق سے حقوق اور تحفظ فراہم کیاجاسکے،تاہم بعد میں ایک ترمیمی بل کے ذریعے پرائیویٹ تعلیمی اداروں کو چند اہم لیبر قوانین کے اطلاق سے مستثنیٰ قرار دے دیاگیا،مزید برآں حکومت خیبر پختونخواایک اے ڈی پی سکیم منظور کر چکی ہے جس کے تحت صوبائی لیبر پالیسی، صوبائی چائلڈ لیبر پالیسی اورProvincaialize کئے گئے قوانین کے تحت رولز بنائے جائیں گے،اس اے ڈی پی سکیم پر کام ہو رہاہے اور اس کی تکمیل سے عنقریب یہ پالیسیاں اور رولز دستیاب ہو جائیں گے۔

محترمہ آمنہ سردار: کوئسچن نمبر5445، میرا سوال تھا کہ صوبے میں مزدور طبقہ موجود ہے،اگراس کا جواب اثبات میں ہوتوان مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور ضمانت کے لئے کوئی حکمت عملی یاپالیسی موجود ہے؟ میڈم! انہوں نے جواب دیا کہ جی، اٹھاہوریں ترمیم کے بعد جو رولز ہیں، ان کو ہم Provincialize کر رہے ہیں اور لیبر قوانین ابھی گیارہ ہو چکے ہیں اور باقی ابھی کر رہے ہیں۔ میڈم!

چوتھا پانچواں سال جاری ہے، ابھی تک یہ اس کو کمپلیٹ نہیں کر سکے، دوسری بات یہ ہے کہ چائلڈ لیبر سروے ابھی تک نہیں ہوا، ہم کتنے عرصے سے سنتے آرہے ہیں، چار سالوں سے، مطلب 2010 میں اگر اٹھارہویں ترمیم ہوئی ہے تو اس کے بعد ابھی تک ڈیپارٹمنٹس یہ کام نہیں کر سکے کہ رولز کو Provoincailize کریں، اتنا Slow process کیوں ہے؟ اور جو گیارہ ہو بھی گئے ہیں تو ان پہ Implementation کیوں نہیں ہو رہی ہے؟ تو مطلب کوئی بھی پرسان حال نہیں ہے۔ اب یہ جو چائلڈ لیبر سروے ہے، یہ ابھی تک کیوں نہیں ہوا، ابھی تک ہمیں یہی نہیں پتہ کہ خیبر پختونخوا میں کتنے بچے جو ہیں وہ چائلڈ لیبر ہیں، کتنے بچے ایسے ہیں جو کہ اس طرح کی لیبر کے تحت کام کر رہے ہیں؟ ہمیں یہ پتہ ہی نہیں ہے، ہمارے پاس Facts and figures ہی نہیں، Statistic ہی نہیں ہے تو ہم کس سے پوچھیں؟ جب سوال پوچھتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ جی ابھی یہ پراسیس میں ہے، تو کتنا عرصہ یہ پراسیس رہے گا، اب تو گورنمنٹ ختم ہونے والی ہے تو کب تک یہ پراسیس میں رہے گا؟ مجھے اس کا جواب چاہیئے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: لاء منسٹر جواب دیں گے، Aamna Bibi, I just want کہ یہ ایک جو چائلڈ کمیشن ہے And I was a member of that and you are a member of that, as well، وہ بھی Partly چائلڈ لیبر کو دیکھ لیں، But any way آپ کے کوسچن کا جواب لاء منسٹر دیں گے، But that is just in addition to what Law Minster will say, yes, Law Minister Sahib! جی ضمنی سوال دے امتیاز صاحب۔ اوکے جی، مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ محترم منسټر صاحب نه زما دا ګزارش دے چې دا سوال تقريباً دوه ورځې مخکښې په اخبار کښې يو مستقله اداريه په دې باندې چهاپ شوې ده چې دغه صوبه کښې خومره بچی دی او د خلقو د ظلم شکار دی او خومره خومره بچی د تعليم نه محرومه دی، تقريباً لاکهونه، کروړونه بچی دغه ملک کښې دی، نو زما به دا ګزارش وی چې دا دې سټينډنګ کميټئ ته لاړ شی او يا دې تفصيلی بحث د پاره منظور کړلې شی چې په دې باندې بحث اوکړے شی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی لاء منسٹر صاحب۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): میڈم سپیکر صاحبہ، جو کوئسچن تھا اس کا تفصیلاً جواب تو دیا گیا ہے، تاہم میڈم آمنہ سردار نے کچھ حکومت کی غفلت کی طرف ارشاد کیا ہے تو اس بارے میں اتنا کہہ دیتا ہوں کہ موجودہ صوبائی حکومت اور ہمارے موجودہ جو چیف سیکرٹری ہیں، انتہائی سنجیدگی سے انہوں نے کام شروع کیا ہوا ہے اور تمام محکموں کے سربراہان کی ڈیپارٹمنٹس کے ساتھ Liaison، میٹنگز بھی ہو رہی ہیں اور کوشش ہے کہ جہاں کہیں بھی کوئی کمی رہ گئی ہے، کہیں رولز کی Permission ہے اور وہ Delay ہیں تو ان کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ Within a month اس پہ کام کیا جائے تو میں یقین دلاتا ہوں کہ ان شاءاللہ۔۔۔۔

Madam Deputy Speaker: Order in the House, please. Ji.

وزیر قانون: جہاں پہ رولز نہیں بنے تو اس کے لئے چیف سیکرٹری صاحب کی باقاعدہ وہاں میٹنگ ہو چکی ہے اور مختلف ڈیپارٹمنٹس کے ساتھ بھی اور ایڈمنسٹریشن کے ساتھ، اس پہ کام ان شاءاللہ تیز کر لیا ہے اور ہماری صوبائی حکومت کی بھی کوشش ہے کہ جلد از جلد جہاں بھی رولز فریم نہیں ہیں وہ ہو جائیں تاکہ اس پہ آگے کام کیا جائے۔ اس کے علاوہ ہمارے مفتی صاحب نے جو کوئسچن کیا ہے، بہتر یہی ہو گا کہ اس بارے میں یہ الگ ایک کوئسچن لے آئیں کیونکہ انہوں نے یہ ڈیٹیلز نہیں مانگیں، چائلڈ لیبر کے حوالے سے جو بات کر رہے ہیں تو ان شاءاللہ ان کو Proper reply ہم دیں گے، میرے خیال میں اس کو کمیٹی میں جانے کی ضرورت نہیں ہو گی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، آمنہ سردار بی بی۔

محترمہ آمنہ سردار: میڈم سپیکر! میں نے عرض یہ کیا ہے کہ جو گیارہ رولز Provinicailize کر دیئے ہیں ان پر کتنی Implementation ہوئی ہے، کیا ہو رہا ہے ان گیارہ رولز کے مطابق؟ کم از کم ہمیں وہ تو پتہ ہو، تو اس لئے میں چاہتی ہوں کہ جب یہ کمیٹی کو چلا جائے تو کم از کم ہمیں وہاں بیٹھ کر کچھ پتہ تو چل جائے گا، ورنہ اس طرح تو ہم صرف یقین دہانیوں پہ چلتے رہیں گے اور ابھی تک چل رہے ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی انیسہ بی بی، Was the previous, previously she was a Minister، تو وہ ابھی Explain کریں گی، جی انیسہ بی بی۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: تھینک یو، میڈم سپیکر۔ ابھی کچھ عرصے پہلے تک تو یہ Portfolio میرے پاس تھا، Month back, almost two months back، اصل میں یہ Relevant سوال ہے، یہ سوال اے ڈی پی کے دوران چیف منسٹر صاحب نے اس وقت پوچھا تھا ڈیپارٹمنٹ سے، ہم سب کا کنسرن تھا کہ اے ڈی پی کی جو سکیم منظور ہوئی ہے اس دفعہ، دسمبر 2017 سے پہلے یہ چائلڈ لیبر سروے کمپلیٹ کرنا ہے ڈیپارٹمنٹ نے، لیبر پالیسی پہ بھی بہت کام ہو رہا ہے اس کے لئے ہمارے ساتھ بہت سی تنظیمیں کام کر رہی ہیں لیکن میں میڈم آمنہ سردار صاحبہ کے اس کوسچن کے ساتھ اتفاق اس لحاظ سے کرتی ہوں کہ یہ ایک بہت Generalized subject ہے، لیبر کے جو گیارہ لاز ہیں، ہم لوگ باقی صوبوں کی نسبت کافی آگے اور بہتر ہیں، ہم نے اٹھارہویں ترمیم کے بعد سارے لاز کو Provincailize کرنا تھا، گیارہ لاز اس میں Provincailize ہوئے ہیں اور اس میں بڑے اہم لاز ہیں، Workplace کے حوالے سے، چائلڈ لیبرز کی Protection کے حوالے سے، ان کے اوپر جو خاص طور پر پابندی ہے اور پھر ویمن لیبر کے حوالے سے جو Implementation ہے، اس کے لئے ابھی آپ کو واقعی بہت ساری Efforts کرنی پڑیں گی، یعنی آپ کو ورک فورس ایڈ کرنی ہے، ابھی آپ نے دیکھا ہوگا، پچھلے دنوں اشتہار آیا ہے، کافی لیبر انسپکٹرز کی پوسٹیں بھی Advertise ہوئی ہیں، اس کو Expand کیا گیا ہے، کوشش ہماری یہ ہے اور جو پچھلا Pathetic issue تھا کہ کچھ وجوہات کی وجہ سے جو آپ کی چند اے ڈی پی سکیمز ہیں، وہ بھی پھر Revise کرنی پڑی ہیں تو اس کا سٹاک لیا گیا تھا، But میں سمجھتی ہوں کہ اس کے حوالے سے جس طرح منسٹر صاحب نے کہا کہ یہ جو چائلڈ لیبر کے حوالے سے اگر وہ Interested ہیں تو She should bring a new Question، چائلڈ لیبر سروے کے حوالے سے اگر یہ چاہیں تو ان کو ڈیپارٹمنٹ بریفنگ دے سکتا ہے، منسٹر صاحب کو چاہیئے کہ ڈائریکٹر لیبر کو بلا کر ممبران کو، مفتی صاحب کو، میڈم کو اور بھی جو ممبرز ہیں، ان کو بریفنگ دیں کیونکہ ابھی ہم جس پروگرام سے آ رہے تھے، آج UNDP کے حوالے سے Sustainable Development Goals کے حوالے سے جو ایک پروگرام ہوا تھا جس میں تمام سٹیک ہولڈرز کو بلایا گیا تھا، اس چیز کو پوائنٹ آؤٹ کیا ہے Domestic Labour Worker کے متعلق بہت Focussed ہے کہ اس کو کلیئر ہونا چاہیئے، چائلڈ لیبر، Actually چائلڈ لیبر جس کو ہم

کہتے ہیں ہوٹلوں میں یا ورکشاپس میں، تو یہ تمام چیزیں جو ہیں ان پر ان شاءاللہ Statistics صوبے کے پاس By December آ جانا چاہیئے، یہ کمٹمنٹ ہے And I will request the Minister کہ ڈیپارٹمنٹ کو اس لائن پر رکھیں تاکہ وہ اس ٹائم لائن سے آگے کراس نہ کرے۔

Madam Deputy Speaker: Thank you very much, Anisa Bibi. For such an explanation so clear, Aamna Bibi, I think that she has been clearly answered the Question.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم! میں یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ ۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ابھی آمنہ کچھ کہہ رہی ہیں، پھر آپ کے پاس آتی ہوں۔ جی آمنہ بی بی۔

محترمہ آمنہ سردار: میڈم، میری یہی گزارش ہے، میڈم انیسہ زیب طاہر خیلی نے بہت تفصیل سے ہمیں بتادیا ہے لیکن ہم یہ جاننا چاہ رہے ہیں کہ Ground realities کیا ہیں؟ ہمیں وہ بھی نظر آئیں، میں چائلڈ پروٹیکشن کمیشن کی ممبر ضرور ہوں لیکن مجھے اس میں یہ نہیں معلومات کہ اس صوبے میں چائلڈ لیبر ابھی ہمارے پاس کتنی ہے؟ Statistic ہمارے پاس موجود نہیں ہے، جو رولز ابھی ہمارے پاس Provincialize ہوئے ہیں، ہمیں ان کے بارے میں پوری طرح پتہ نہیں ہے، تو میں چاہوں گی کہ اگر ہمیں اس کے اوپر بریفنگ مل جائے، کمیٹی میں یہ ریفر ہو جائے تو بہت آسانی ہو جائے گی۔ بہت شکریہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: لا منسٹر! آپ، ڈیپارٹمنٹ اور مفتی جانان صاحب ایک جگہ بیٹھ جائیں، Because Anisa Bibi is saying till December 2017 سروے جاری ہے، But anyway، جتنا ہو چکا ہے I think Law Minister, can you explain that کہ آپ ان کے ساتھ، آپ ذرا فلور پر کہہ دیں پلیز۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ہں، نہیں آپ کہہ دیں۔

وزیر قانون: ٹھیک ہے جی، ڈائریکٹر لیبر سے میں ریکویسٹ کروں گا ان شاءاللہ کہ جلد از جلد ان کے ساتھ بیٹھیں، میں بھی بیٹھ جاؤں گا، ڈائریکٹر لیبر ہو جائیں گے، آمنہ بی بی بھی ہو جائیں گی، پھر اس پر دیکھ لیتے ہیں جو بھی Possible ہو گا ان شاءاللہ، وہ کریں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نلوٹھا صاحب! یہ تو کوسچن حل ہو گیا ناں، اب آپ اس میں، This is solved

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحبہ! وہ نہیں مان رہی ہیں ناں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آمنہ بی بی، آپ نہیں مان رہی ہیں؟ آمنہ بی بی کا مائک آن کردیں، جی آمنہ بی بی۔

محترمہ آمنہ سردار: میڈم! میں یہی عرض کررہی ہوں کہ اگر یہ کمیٹی میں چلا جائے گا، صرف ڈائریکٹر کے ساتھ بیٹھنے سے بات کا نچوڑ نہیں ہے اور کسی بات کا ہمیں پتہ نہیں چلے گا، میں یہ چاہتی ہوں کہ یہ کمیٹی میں جائے، وہاں پر ڈسکس ہو، سب کے علم میں آئے، صرف میرے اور مفتی جانان صاحب کے جاننے کی ضرورت نہیں ہے، سب کو جاننے کی ضرورت ہے۔

Madam Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honorable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the Committee concerned. Ji, Sobia Shahid, please read your Question number as well.

محترمہ ثوبیہ شاہد: تھینک یو، میڈم سپیکر! میرا کوئسچن یہی ہے کہ موجودہ حکومت نے پلاسٹک بیگز۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: پلیز، ذرا یہ نمبر کوئسچن کا بولتی جائیں کیونکہ ریکارڈ ہوتا ہے۔۔۔۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: 5450۔

* 5450 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیا وزیر صنعت و حرفت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت پلاسٹک بیگز پر پابندی عائد کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس پر کتنا عمل درآمد ہوا ہے، نیز اس سلسلے میں کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عبدالمنعم (معاون خصوصی برائے صنعت و حرفت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے پلاسٹک بیگز، خاص طور پر کالے رنگ کے شاپنگ بیگز پر پابندی عائد کردی ہے۔

(ب) موجود حکومت نے شاپنگ بیگز پر پابندی کے لئے جناب شوکت یوسفزئی، ایم پی اے کی سربراہی میں باقاعدہ ایک کمیٹی تشکیل دی تھی، کمیٹی نے تمام سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد اپنی سفارشات

مرتب کیں، نیز جناب وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی مجلس میں Non Bio-Degradable شاپنگ بیگز کے استعمال پر پابندی کا فیصلہ کیا گیا اور تمام ضلعی ڈپٹی کمشنرز کو عملدرآمد کے لئے احکامات جاری کئے گئے۔ محکمہ ماحولیات نے ممنوعہ Non Bio-Degradable پلاسٹک اور شاپنگ بیگز کے لئے باقاعدہ قواعد 20 جون 2017 کو نوٹیفائی کئے جو تمام ضلعی انتظامیہ کو ارسال کئے گئے ہیں، ان قواعد کے رول نمبر 3 میں Non Bio-Degradable پلاسٹک بیگز کے موجودہ ذخیرہ کو تین مہینے کی رعایتی مدت میں ختم کرنے کا حکم دیا ہے، تین مہینے کی رعایتی مدت کے بعد ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ماحولیات ان کے خلاف کارروائی عمل میں لائے گا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میڈم، میرا سوال تھا کہ کیا حکومت پلاسٹک بیگز پر پابندی عائد کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ تو اس میں جواب ہے کہ ہم نے قانون بنایا ہوا ہے اور شوکت یوسفزئی، ایم پی اے کی سربراہی میں باقاعدہ ایک کمیٹی تشکیل دی تھی لیکن ابھی تک میڈم! پورے صوبے میں اس کی کوئی Implementation اس قانون کی نہیں ہے، ہر دکان میں دیکھیں، ہر جگہ دیکھیں تو پلاسٹک کے بیگز پڑے ہیں جس سے ماحول کی آلودگی اور جتنی بیماریاں جس طرح ابھی یہ ڈینگی کی بیماری آئی ہے، جگہ جگہ یہ گند پڑا ہوا ہے جس سے ہمارا جو شہر ہے یہ آپ دیکھیں، بہت ہی گندا ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ہاں، You are right، بالکل۔

محترمہ آمنہ سردار: میڈم، میرا بھی اسی حوالے سے ایک ضمنی سوال ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ضمنی سوال؟ اوکے، آمنہ بی بی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میڈم، یہ ایک بہت ہی اہم ایشو ہے اور آپ لوگوں نے اس کا قانون بنایا ہے، قانون تو اس اسمبلی میں ڈھیر سارے بن گئے لیکن ان کی Implementation کون کرے گا، ان کو کون Follow up کرے گا؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، بالکل سمجھ آگئی ہے بات کہ آمنہ بی بی۔۔۔۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: اور ڈینگی کا جو یہ مسئلہ بنا ہوا ہے تو یہی چھوٹی چھوٹی ہماری غلطیاں ہیں، ان کی Implementation نہیں ہو رہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ان بیگوں میں پانی جمع ہوتا ہے، ٹائروں میں، قسم قسم کی چیزوں میں تھوڑا سا پانی جمع ہو جاتا ہے تو اس سے ڈینگی پیدا ہوتا ہے جس سے ہمارا صوبہ Suffer کر رہا ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بالکل، ثوبیہ بی بی، سمجھ آگئی ہے، Explain آپ نے بہت اچھی طرح کیا ہے، And let`s see, Ji, Aamna Bibi.

محترمہ آمنہ سردار: بہت شکریہ۔ میڈم، ستمبر 2013 کی بات ہے، میں نے اس پر کال اٹینشن نوٹس لایا تھا، اس وقت میڈم انیسہ زیب صاحبہ ہماری پارلیمنٹری سیکرٹری تھیں Environment کی، انہوں نے مجھے بڑا تفصیلی جواب دیا تھا اور انہوں نے مجھے اس وقت بڑی ایشورنس دلائی تھی، یقین دہانی کرائی تھی کہ یہ بیگز ختم ہو رہے ہیں اور جو Dissolve ہونے والے ہیں، وہ آ رہے ہیں اور کافی سارے، ڈائریکٹر سے بھی انہوں نے ملوایا، انہوں نے جو اپنی Efforts تھیں وہ کیں، مجھے اطمینان بھی ہو گیا مگر اس کے بعد سال 2013,14,15,16, اور 17-2016 آگیا ہے، ابھی تک کچھ بھی نہیں ہوا، درمیان میں مجھے یاد ہے محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ ایک ریزولیوشن بھی لیکر آئیں تھیں مگر افسوس کی بات یہ ہے میڈم! کہ کیوں دوبارہ یہ کوسچن فلور پر اٹھانے کی ضرورت پیش آئی ہے کہ بار بار ہم اس پر بات اٹھاتے ہیں؟ کوئی حل نہیں ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، ٹھیک ہے، سمجھ آگئی ہے۔ جی لاء منسٹر صاحب جواب دے دیں، بالکل سمجھ آگئی ہے، جی لاء منسٹر۔

وزیر قانون: میڈم سپیکر، اگر ڈیٹیل میں اس Reply کو جو ڈیپارٹمنٹ نے دیا ہے، اس کو دیکھا جائے تو میرے خیال میں یہ سب بالکل Crystal Clear ہے کہ موجودہ حکومت نے شاپنگ بیگز پر پابندی کے لئے جناب شوکت یوسفزئی صاحب، ایم پی اے کی سربراہی میں باقاعدہ ایک کمیٹی تشکیل دی، کمیٹی نے سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد سفارشات مرتب کی ہیں اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی مجلس میں Non Bio-Degradable شاپنگ بیگز کے استعمال پر پابندی کا فیصلہ کیا اور تمام ضلعی ڈپٹی کمشنرز کو عملدرآمد کے لئے احکامات جاری کئے گئے، محکمہ ماحولیات، Environmental Protection Agency نے ممنوعہ نام اور Non Bio-Degradable شاپنگ بیگز کے لئے

باقاعدہ قواعد 20 جون 2017 کو Notify کئے ہیں جو تمام ضلعی انتظامیہ کو ارسال کئے گئے ہیں، ان قواعد کے رول نمبر تین میں Non Bio-Degradable پلاسٹک بیگز کے موجودہ ذخیرہ کو تین مہینے کی رعایتی مدت میں ختم کرنے کا حکم دیا گیا ہے، تین مہینے کی رعایتی مدت کے بعد ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ماحولیات ان کے خلاف کارروائی عمل میں لائے گا، تو میرے خیال میں اتنا انتظار کیا ہے، تھوڑا اور کر لیں، اگر اس کا رزلٹ نہ آئے تو ضرور ہم ان کے خلاف کارروائی کریں گے اور ان شاءاللہ، Reply میں محکمے نے بہت Categorically یہ Reply دیا ہے کہ ہم ان کے خلاف کارروائی کریں گے، ان شاءاللہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Three months کا ٹائم دیا ہے، اوکے، ثوبیہ بی بی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میڈم، منسٹر صاحب میرے خیال سے یہ اسی سے پڑھ کر بتا رہے ہیں اس Answer کو، ان کو کوئی معلومات نہیں ہیں جو مجھے Surety دے رہے ہیں، یہ تو میں نے ایک دفعہ پڑھ لیا تھا، جس طرح ڈینگی کے ہمارے صوبے میں مسائل آ رہے ہیں اور جتنے لوگ مر رہے ہیں، آمنہ نے کہا کہ میں نے 2013,14 میں یہ مسئلہ اٹھایا، نگہت اور کرزئی نے یہ مسئلہ اٹھایا لیکن ابھی تک جن مشکلات کا یہ صوبہ سامنا کر رہا ہے، روزانہ ہمارے جوان، ہمارے بچے مر رہے ہیں تو آیا لیجسلیشن ہی یہ اسمبلی کرتی رہے گی؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Sobia Bibi, I fully agree with you لیکن یہ ڈینگی پر کوسچن نہیں ہے، یہ شاپنگ بیگز پر، Three months انہوں نے کہا ہے Three months۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میڈم! ڈینگی کا نہیں لیکن ڈینگی کا مسئلہ ہے، ان شاپنگ بیگز کی وجہ سے ہی ڈینگی مچھر ہوتا ہے، صفائی کا مسئلہ ہے میڈم! صفائی کا ہم لوگ کہہ رہے ہیں کہ آپ لوگوں نے اگر لیجسلیشن کی ہے، روزانہ لیجسلیشن کر رہے ہیں تو اس پر عمل درآمد کیوں نہیں ہو رہا، Implementation کیوں نہیں ہو رہی؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: لاء منسٹر نے جیسے میں نے سنا ہے، I don't know whether Secretary is here or not? منسٹر انڈسٹریز تو نہیں ہیں لیکن انڈسٹریز کے سیکرٹری ہیں، کوئی ہے کہ نہیں؟ He is sitting here.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم! میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ اس کو بھی کمیٹی میں ریفر کر دیں تو۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، اس دفعہ، چلیں نلوٹھا صاحب۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میڈم۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نلوٹھا صاحب، نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحبہ، میں بہت زیادہ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے اجازت دی ہے۔ سپیکر صاحبہ! ایک بات تو میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ جب بھی آپ اجلاس Preside کرتی ہیں تو ہاؤس کے اندر حکومتی وزراء بالکل نہیں آتے، پتہ نہیں یہ آپ کا احترام نہیں کرتے ہیں یا آپ کی چیئر کا احترام نہیں کرتے ہیں، یہ میں نہیں جانتا۔ دوسری بات یہ ہے کہ لاء منسٹر صاحب 'آل راؤنڈر' لگتے ہیں، تمام محکموں کے جواب لاء منسٹر صاحب دیتے ہیں تو پھر باقی وزراء کو تنخواہ حکومتی خزانے سے لینے کا کیا حق ہے؟ یہ ساری تنخواہیں ان کو دی جائیں، سارے محکموں کو یہ Preside کریں اور ایک تبدیلی جو سپیکر صاحبہ! جو میں نے اس ہاؤس کے اندر آج دیکھی ہے اور ممبران کے جوابات جو ہیں، وہ ایک اپوزیشن ممبر صاحبہ دے رہی تھیں تو یہ میں نے تبدیلی دیکھی ہے، پہلے بھی میں اٹھا ہوں، یہ بات میں کرنا چاہتا تھا کہ اور کوئی تبدیلی آئی ہے یا نہیں آئی ہے لیکن یہ تبدیلی آگئی ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، انیسہ بی بی۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: میڈم، اصل بات یہ ہے کہ میں بالکل کہہ رہی ہوں کہ کچھ عرصہ پہلے تک یہ Portfolio میرے پاس تھا، تو میرا خیال ہے کہ آنریبل نلوٹھا صاحب ذرا چھیڑ چھاڑ کے موڈ میں ہیں تو اس لئے یہ پوائنٹ آؤٹ کر رہے ہیں، اس وقت یہ Portfolio وزیر اعلیٰ صاحب کے پاس ہے اور Law Minister is the one who can represent the Chief Minister in the House whether it`s one department or another، جو Portfolios ان کے پاس ہیں، ہاؤس میں میرے خیال میں He is well informed about it اور باقی ہمیں اس سے کوئی اعتراض نہیں ہے لاء منسٹر صاحب بہت Learned انسان ہیں، میں یہ کہہ رہی ہوں کہ یہ باتیں ہمارے اس ہاؤس کو سمجھنی چاہئیں، چاہے وہ اپوزیشن ہے یا ٹریژری بینچز والے، یہ سب میرے، Most of them are my juniors، ان کو بتانا ہوتا ہے کہ لاز، رولز، ایگزیکٹیو آرڈرز ان کو پتہ ہونا چاہیئے، چیف منسٹر صاحب کے لیول پر ایک کمیٹی بنی تھی اور اس نے جو Non Bio-Degradable جو پلاسٹک بیگز ہیں آپ کے، کیا کہتے ہیں Bio-Degradable، اس پر پابندی لگادی ہے، کالے شاپنگ بیگز پر، 20 جون کو

اس کا ایگزیکٹیو آرڈر نکلا مگر کوئی قانون سازی نہیں ہوئی، یہ ہم نے پہلے جب میں انوائرونمنٹ سیکرٹری تھی، اس وقت یہ پابندی لگانے کے لئے کوشش کی لیکن معاشرے میں یہ Changes suddenly نہیں ہو سکتیں، جب آپ کے پاس اور بھی اتنے مسائل ہوں جن میں آپ گھرے ہوئے ہوں تو اس وقت آپ دیکھیں دکانوں میں یہ بیگز بک رہے ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ثوبیہ بی بی! آپ سیٹ پر بیٹھ جائیں۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: تین مہینے، تین مہینے کا یہ جو ثوبیہ بی بی کہہ رہی ہیں، 20 جون کو اگر یہ ایگزیکٹیو آرڈر ہوا اور تین مہینے کا وقت اگر تھا تو وہ 20 ستمبر کو ختم ہو گیا ہے، جیسے لاء منسٹر کہہ رہے ہیں، یہ ہمیں دکھایا جائے، کہیں اخبار میں نہیں آیا کہ کوئی کریک ڈاؤن ہوا ہو، آج بھی آپ مارکیٹ میں جائیں تو کالے شاپنگ بیگز آپ کو ضرور ملیں گے، کسی کو پتہ تک نہیں ہے، حکومت کی طرف ایک کلیئر پالیسی ہو، تمام ممبران کو 'آن بورڈ' لیا جائے، ان کو اپنے علاقوں کے بارے میں اعتماد میں لیں، ڈپٹی کمشنر نے بھی I am sure کہ کسی ایم پی اے کے نوٹس میں نہیں لایا کہ ہم اس پر کریک ڈاؤن کرنے والے ہیں، حالانکہ کرنا چاہیئے۔ آپ کے آج کل سیوریج کے مسئلے، آپ کے انوائرنمنٹ میں، Even ڈینگی کے مسئلے، آپ کے کئی جگہ یہ جو ڈھیر ان جس کو ہم کہتے ہیں، یہ جتنے خطرناک پلاسٹک بیگز ہیں، جنہوں نے جگہ جگہ آپ کے سیوریج سسٹم کو بلاک کیا ہوا ہے، جہاں پہ آپ کے مسائل ہیں، تو میں سمجھتی ہوں کہ اس میں تو ہم سب کو War footings پہ کام کرنا چاہیئے، چاہے اپوزیشن ممبرز ہوں، انہیں گورنمنٹ کی ہیلپ کرنی چاہیئے اور لاء منسٹر کو ایک ایگزیکٹیو آج اسی اس سوال کی بدولت، ڈپٹی کمشنر سے Immediately ہاؤس کو Put کرنا چاہیئے کہ اب تک کیا ایکشن لیا گیا، کس کو سزا دی گئی؟ کیونکہ وہ تین مہینے کی رعایتی مدت ختم ہوئی گئی اور پھر ہمیں اس کی قانون سازی کی کوشش کرنی چاہیئے۔ میں معذرت کے ساتھ پنجاب میں بھی ابھی تک کوئی قانون سازی نہیں ہے اس وقت، سندھ نے بھی نہیں کی ہے کیونکہ ابھی ہم لوگ اس کی، اب وہ شاید There is un awearness اور وہ اس پہ لا رہے ہیں، تو ہمیں ان چیزوں کو As a Publice Representatives ان چیزوں پر غور کرنا چاہیئے اور اس پر عملدرآمد کرنے کے لئے ہمیں کام کرنا

چاہیئے تاکہ لوگ بھی اس کے نقصانات کو سمجھیں After all, we are Publice Representatives، تھینک یو میڈم۔

Madam Deputy Speaker: Thank you, Anisa Bibi, thank you very much. Mehmood Jan wants to say somethings.

جناب محمود جان: تهینک یو میډم سپیکر۔ زما کوئسچن هم د دې سره Related دے او د انډسټری په باره کښې دے۔ زما حلقه کښې ورسک روډ باندې ډیرې کارخانې دی او د هغې نه چې څومره مشکلات عوامو ته دی، ګرد وغبار د هغې نه چې کوم Raw material اوځی، ما څو ځله دا خبره مخکښې هم په هاؤس کښې اوچته کړې وه، په سټنډنګ کمیټئ کښې هم ما اوچته کړې وه خو په هغې باندې کالونه اوشو جی او څوک پرې دغه نه ورکوی، توجه نه ورکوی ورله، یو ورځ راشی، خبره ورسره اوکړی Next day بیا کهلاؤ شی، نو زما تاسو ته دا ریکویسټ دے چې په دې باندې تاسو ایکشن واخلئ او څه باقاعده قانون سازی د دې پاره اوکړئ چې دا مسئله حل شی۔ تهینک یو جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: فضل الٰہی صاحب، فضل الٰہی۔

جناب فضل الٰہی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات): شکریه میډم سپیکر۔ میډم سپیکر! څنګه چې دوئ د ماربل فیکټریانو باره کښې اوویل نو دوئ له مونږه سیفټی ټینک جوړ کړی دی او په دیکښې چې څنګه د پاکستان تحریک انصاف ګورنمنټ راغلو نو هغه ټائم سره په هغې کښې په بونیر کښې، په مردان کښې یا د دوئ محمود جان صاحب په ایریا کښې په پی کے 7.کښې څومره فیکټریانې دی نو هغوی ته باقاعده نوټس ورکړے شو، څومره چې هاسپټلز دی، په هغې کښې چې کوم Burners وو، هغه بند وو، هغه مونږه بیا سټارټ کړل، په هغې کښې چې چا نه وی سټارټ کړی، د هغوی خلاف ایف آئی آر شوے دے، سرکاری څومره چې هاسپټلز وو، په هغې هم ایف آئی آر شوے دے او د انوائرنمنټ په باره کښې پوره پوره الحمدللّٰہ په هغې باندې ئے کار کړے دے او چې کوم ځائے داسې فیکټریانې وی چې په هغې اوس هم دغه شان څه مسئله وی نو هغه دې مونږه ته په ګوته کړی، ان شاءاللّٰہ تعالیٰ په یوه هفته کښې د ننه به هغه مونږه بند کړو۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تهینک یو۔ جی ثوبیه۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میډم! دومره خبره نه ده څنګه چې ایم پی اے صاحب بیان کړه، دا زمونږ د دې صوبې یوه ډیره غټه مسئله ده۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: What do you want, we know the problem, we know ، پرابلم نہ بتائیں جی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: ټهیک شوه، پرابلم سر، دا دے، میډم، دا کمیټۍ ته اولیږئ چې د دې څه حل را اوځی۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کمیټۍ ته ئے اولیږو؟

محترمہ ثوبیہ شاہد: اؤ جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: امتیاز قریشی صاحب۔

وزیر قانون: میں آنر کرتاہوں ان کو اور میڈم ثوبیہ شاہد نے کوئسچن کیاہے، Valid question ہے، میں کہتاہوں کہ مجھے صرف ایک چانس دے دیں کہ کل میں چیف سیکرٹری کے ساتھ بیٹھ کر، میڈم کو بھی بلا لیتاہوں، ان کے ساتھ بیٹھ کر جو ہم نے یہ نوٹیفائی کیاہے جون میں، تین مہینے کا وقت گزر گیاہے، ایک چانس دے دیں، ان شاءاللہ یہ۔۔۔۔۔

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ثوبیہ بی بی، Sobia is standing.، ثوبیہ بات کر رہی ہیں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میڈم، چانس نہیں دے سکتی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، ثوبیہ آپ بیٹھ جائیں، نلوٹھا صاحب بولیں گے، نلوٹھا صاحب۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: کیوں میڈم؟ میرا کوئسچن ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نلوٹھا صاحب کہہ رہے ہیں کہ میں نے بولنا ہے، جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: منسٹر صاحب نے جس طرح کہاہے کہ ہمیں وقت دیا جائے، چیف منسٹر صاحب سے بڑا اس صوبے میں اور کوئی نہیں ہے، وہ چیف ایگزیکٹیو ہیں اس صوبے کے، ان کی زیر صدارت جو

میٹنگ ہوئی ہے، تین مہینے کا ٹائم دیا گیا تھا تمام ڈی سیز کو، اس کے اوپر کوئی عملدرآمد نہیں ہو سکا ہے، ابھی کوئی ٹائم اس کے اوپر مزید رکھنا غیر مناسب ہے، لہذا اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیں، Kindly۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، امتیاز صاحب۔

وزیر قانون: میں نے یہی عرض کیا کہ یہ ایگزیکٹیو آرڈر ہے، ابھی ہوا ہے، تین مہینے اس کے ہونے والے ہیں، میں ایک دفعہ چیف سیکرٹری کے ساتھ کل بیٹھ کر ان کو بھی بلا لیتے ہیں، ان شاءاللہ یہ مطمئن رہیں گے، تو میرے خیال میں اس کو کمیٹی میں بھیجنے کی کوئی تک نہیں بنتی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ثوبیہ، آپ اور نلوٹھا صاحب نے Decide کرنا ہے، دونوں ایک ساتھ نہیں بول سکتے، جی نلوٹھا صاحب۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: چلو، نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: 22 جون کو چیف منسٹر صاحب نے یہ آرڈر کیا ہے، 22 جون کے بعد تو تین مہینے پورے ہو چکے ہیں، 22 ستمبر کو تین مہینے پورے ہو چکے ہیں، ابھی یہ آج غالباً 10 اکتوبر ہے تو اس کے بعد، آدھا مہینہ تو اس کے بعد گزر گیا، کیوں عملدرآمد نہیں ہوا ہے؟ آپ دیکھیں جس ضلع میں جائیں، جس گلی میں جائیں، جس بازار میں جائیں، شاپنگ بیگز کی وجہ سے اتنی گندگی پھیلی ہوئی ہے، سپیکر صاحبہ! اس کے اوپر اب یہ مزید موقع نہ دیا جائے، نہ ہی ہم ٹائم دیتے ہیں، اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ سٹینڈنگ کمیٹی اسی لئے ہی بنی ہے کہ، ان شاءاللہ سٹینڈنگ کمیٹی اس کے اوپر کوئی مثبت قدم اٹھائے گی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: As you wish لیکن میرا تو اپنا خیال ہے کہ جو چیز سٹینڈنگ کمیٹی میں چلی جاتی ہے وہ زیادہ ٹائم لیتی ہے کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ کل چیف سیکرٹری سے ملنا ہے، May be کہ یہ اقدام ان کا Like, it will solve the problem more quickly.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: چیف منسٹر صاحب سے بڑا اس صوبے میں دوسرا کوئی آدمی نہیں ہے، جب ان کا آرڈر نہیں چلا ہے تو ہم کیسے لاء منسٹر صاحب سے توقع کر لیں؟ اس کو سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیجیں اور جلد از جلد اس کے اوپر کوئی واضح فیصلہ ہو۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، امتیاز قریشی، وہ ٹرسٹ نہیں کر رہے تو بس۔۔۔۔

وزیر قانون: مجھے یہ کوئسچن کرنا تھا کہ یہ بھیجنے کا نہیں ہے لیکن خوامخواہ یہ اصرار کرتے ہیں تو ووٹنگ ہو جائے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ووٹنگ ہو جائے؟ اچھا، ووٹنگ میں تو۔۔۔۔۔

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: امتیاز صاحب، یہ Desire ہے ہاؤس کا مطلب۔۔۔۔۔

وزیر قانون: میں نے یہی کہا کہ یہ۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ووٹنگ پر چلا جائے تو ووٹنگ پر تو۔۔۔۔۔

(شور)

وزیر قانون: میڈم، میں نے یہی عرض کیا کہ یہ ایگزیکٹیو آرڈر ہے، ایک دو دن میں، کل میں چیف سیکرٹری سے، Already میری میٹنگ ہے، میں یہ بھی ڈسکس کر لیتا ہوں، اگر آپ مطمئن نہیں ہوتے ہیں۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نلوٹھا صاحب، نلوٹھا صاحب، دو دن ان کو دے دیں، دو دن۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: نہیں، یہ نہیں ہو سکتا ہے، یہ پہلے بھی بڑی، سپیکر صاحبہ، کتنی دفعہ یہ کمٹمنٹ کرتے رہے ہمارے ساتھ، ممبران کے ساتھ یہ مذاق کرتے ہیں۔

Madam Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member….

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ہمیں کہتے ہیں کہ ہمارے ساتھ بیٹھ جاؤ۔

Madam Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. (Applause) The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee.

(Applause)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، آمنہ سردار بی بی، آمنہ سردار۔

* 5454 _ محترمہ آمنہ سردار: کیا وزیر صنعت و حرفت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ TEVTA ٹیکنکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی، میں خواتین کو نمائندگی حاصل ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو خواتین کی کتنی نمائندگی ہے، نیز TEVTA خواتین کی بحالی و ترقی کے لئے کیا کام کر رہا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عبدالمنعم (معاون خصوصی برائے صنعت و حرفت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) اس کا قیام خیبر پختونخوا، ٹیوٹا ایکٹ 2015 کے رول 2 کی سیکشن 5 کے تحت عمل میں لایا گیا ہے. ٹیوٹا کے انتظام وانصرام کے لئے ایک خود مختار بورڈ تشکیل دیا گیا ہے جس کے ممبران میں خواتین کو بھی نمائندگی دی گئی ہے اور محترمہ نیلم طور و صاحبہ بورڈ کی رکن ہیں بورڈ کے قیام کا نوٹیفیکیشن ایوان کو فراہم کیا گیا، علاوہ ازیں خواتین کی تربیت کے لئے 14 فنی تربیت کے ادارے مختلف اضلاع میں قائم کئے گئے ہیں جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

نمبر شمار	سنٹر/اضلاع	کل اساتذہ	منسٹریل سٹاف	کلاس فور
1	ایبٹ آباد	08	.....	03
2	بنوں	06	....	03
3	چارسدہ	05	....	02
4	ڈی آئی خان	06	....	....
5	گلبہار پشاور	11	....	06
6	کوہاٹ	08	....	04
7	کرک	03	....	.....
8	ہری پور	04	....	01
9	مانسہرہ	04	....	01
10	مردان	07	....	01

01	….	08	سوات	11
….	….	04	تیمر گرہ لوئر دیر	12
03	….	07	WTTCحیات آباد	13
02	….	05	صوابی	14

TO BE SUBSTITUTED WITH THIS DEPARTMENT NOTIFICATION OF EVEN NO. DATED 14TH APRIL, 2017)

Dated Peshawar 10th May, 2017-10-12

NOTIFICATION

NO. SO III (IND) 4-83/2017: In exercise of the power conferred under sub-rule (2) section 5 of the Khyber Pakhtunkhwa, Technical Education and Vocational Training Authority Act, 2015 (KP Act No. XII of 2015) and in suppression of this Department's Notification No. SO III (IND) KP-TEVTA 4-83/2015 Vol: III, dated 18.05.2015, issued in this behalf, the Government of Khyber Pakhtunkhwa is pleased to constitute the Board of Directors comprising of the following members with immediate effect:

a)	Chief Minister Khyber Pakhtunkhwa.	Chairman
b)	Secretary to Government, Industries, Commerce and Technical Education Department or his nominee not below the rank of an Additional Secretary.	Member
c)	Secretary to Government, Finance Department or his nominee not below the rank of Additional Secretary.	Member
d)	Secretary to Government, Planning and Development Department or his nominee not below the rank of Additional Secretary.	Member
e)	Secretary to Government, Labour Department or his nominee not below the rank of Additional Secretary.	Member
f)	Vice Chancellor, Shuhada-e-army Public School, University of Technology, Khyber Pakhtunkhwa Nowshera.	Member
g)	Chairperson of the Khybver Pakhtunkhwa Commission on the Status of Women.	Member
h)	President, Women Chamber of Committee and Indusdtry Peshawar.	Member
i)	Three representatives of Large scale Industires: (i) Engineer Muhammad Anwar Khan Resident Director M/s Cherat Packaging Industrial Estate, Gadoon; (ii) Mr. Khyber Khan, Chief Executive, M/s Shazal's Pharma utical, Industrial Estate, Hattar and,	Members

	(iii) Mr. Sikandar Kuli Khan, M/s Kohat Textitle Mills, Kohat.	
j)	Two representatives of Small Scale Industires: (i) Mr. Bilal Afazal Khan S/o Muhammad Afzal Khan, Serdheri CNG, Charsadda and, (ii) Haji Muhammad Javed, Managing Director, M/s Ashraf Industries (Pvt) Ltd.	Members
k)	Mr. Shamsher Khan, M/s Hashtnagar Construction Company Charsad, representative of all Pakistan Constructors Association:	Member
l)	Engineer Nadir Khan, Principal Kurram Polyteclinic Indstitute Sarai Norang, representative of Private tor Technical and Vocatiional Training Institutes;	Member
m)	Principal Government College of Technology, Tankg; and,	Member
n)	Managing Direrctor, Khyber Pakhtunkhwa TEVTA.	Member-cum-Secretary

Sd/-
Secretary to Govt. of Khyber Pakhtunkhwa
Industries Commerce & Technical Education
Department

Endst: of even number and dated/5689-70 Dated 10th May, 2017-10-12
Copy forwarded to all concerned.

<u>محترمہ آمنہ سردار:</u> شکریہ میڈم سپیکر، میرا کوئسچن نمبر ہے 5454، میڈم، میں نے اس میں ان سے یہ سوال کیا تھا کہ 'ٹیوٹا' میں جو خود مختار بورڈ قائم کیا گیا ہے، ایک Autonomous Body ہے، اس میں خواتین کی نمائندگی کتنی ہے؟ اور مجھے یاد بھی ہے اور میرے علم میں بھی ہے کہ محترمہ معراج ہمایون صاحبہ نے اس میں گزارش کی تھی، اپنی سفارشات پیش کی تھیں کہ اس میں کم از کم تین خواتین ہونی چاہئیں، تو اس میں یہاں پر میرے سامنے ایک تو پی سی ایس ڈبلیو کی چیئرپرسن کا نام آ رہا ہے، نیلم طورو صاحبہ کا، اور ایک دوسری خاتون ہیں جو پریذیڈنٹ ہیں ویمن چیمبر آف کامرس کی، تو ہماری گزارش یہ ہے آپ کے توسط سے کہ 'ٹیوٹا' میں ایک تیسری خاتون کو بھی نمائندگی دی جائے، زندگی کے کسی بھی شعبے سے تعلق رکھنے والی ہو، اس کی نمائندگی ضروری ہے، ہم نے یہی کہا تھا کہ تین خواتین کو اس بورڈ کا ممبر بنایا جائے جب کہ یہاں پر دو ہیں، بہت شکریہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: لاء منسٹر صاحب، امتیاز قریشی صاحب، And by the way عاطف خان، اچھا ہے کہ آپ آگئے، Before you نلوٹھا صاحب نے پوائنٹ Raise کیا کہ They don't respect the Chair of the Deputy Speaker, while the Speaker is sitting, all the Ministers are here. جب ڈپٹی سپیکر ہوتی ہیں تو کوئی منسٹر نہیں ہوتا، Thank you very much, Atif Khan is here, okay ji, Law Minister Sahib, This is the Question regarding the Technical Education. They said, three female should be the members, as a matter of fact, they are two members.

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): میڈم، یہ تفصیلی جواب ڈیپارٹمنٹ نے دیا ہے اور ڈسٹرکٹ وائز انہوں نے بتایا ہے کہ یہ خوشی کی بات کہ یہاں پر ٹوٹل وو کیشنل سٹاف فیمیل ہے، ٹیچنگ سٹاف فیمیل ہے، کلاس فور فیمیلز ہیں تو جہاں بھی ڈسٹرکٹ وائز ڈیٹیل انہوں نے دی ہے، جیسے ضلع ایبٹ آباد کی دی ہے کہ اساتذہ ہیں، اور تین کلاس فور ہیں، اس کے علاوہ۔۔۔۔

محترمہ آمنہ سردار: میں اس کی بات نہیں کر رہی، میں بورڈ کے ممبرز کی بات کر رہی ہوں کہ 'ٹیوٹا' کا جو بورڈ ہے، اس میں ہم نے امنڈمنٹ کی تھی کہ اس میں تین خواتین ہونی چاہئیں اور یہ باقاعدہ امنڈمنٹ موجود ہے، امنڈمنٹ ہوئی تھی اور Accept بھی ہوئی تھی، یہ جو ٹیوٹا کی سلیکٹ کمیٹی تھی، ہم لوگ اس کے ممبرز تھے، اس میں یہ باقاعدہ امنڈمنٹ ہماری تسلیم کی گئی تھی، اس کا حصہ بنی تھی، تو ابھی تک دو خواتین کیوں ہیں، تیسری کیوں نہیں ہے؟ سوال یہ ہے۔ باقی میرا اساتذہ کے اوپر اور کلاس فور کے اوپر کوئی سوال نہیں ہے، شکریہ۔

محترمہ م ڈپٹی سپیکر: امتیاز صاحب۔

وزیر قانون: میں یہی کہہ رہا ہوں کہ جو Reply ہے وہ بہت کلیئر ہے، یہ کے پی کے ٹیوٹا ایکٹ 2015 کے تحت عمل میں لایا گیا، ٹیوٹا کے انتظام وانصرام کے لئے ایک خود مختار بورڈ تشکیل دیا گیا جس کے ممبران میں خواتین کو باقاعدہ نمائندگی دی گئی ہے اور محترمہ نیلم طورو صاحبہ اس بورڈ کی رکن ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Imtiaz Sahib! What she is asking thah، کہ امنڈمنٹ کی ہے، امنڈمنٹ میں ہم نے کہا کہ تین خواتین ایم پی ایز ہونی چاہیئں، As a matter of fact there are

two members، کو ئسچن ان کا یہ ہے کہ Two members female ہیں، امنڈ منٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ تین ہونی چاہیئں، یہ کوئسچن ہے۔

وزیر قانون: تو ٹھیک ہے، ان کے ساتھ ہم بیٹھ جاتے ہیں، ان کی جو 'پروپوزل' ہے، ان شاء اللہ اس کو Consider کر لیتے ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی معراج بی بی۔

محترمہ معراج ہمایون خان: ډیره مهربانی جی، دا مونږه امنډمنټ راوستے وو، اور ہماری امنڈ منٹ ہمیشہ یہ ہوتی ہے کہ ہر بورڈ جو بنتا ہے تو 1/3 اس میں خواتین ہوں، تو اس وقت جب بورڈ بن رہا تھا تو اس وقت میرے خیال میں نو بندے تھے، ابھی جو میں کاؤنٹ کر رہی ہوں تو چودہ ہیں اور چودہ کے اندر بھی، پھر ایک سیریل نمبر پر تین چار ہیں، دوسرے پر تین چار ہیں تو ایک بہت بڑا بورڈ ہے، تو اس میں تو اب تین کم پڑ رہی ہیں، ایک میری 'پروپوزل' یہ تھی امنڈ منٹ میں کہ ایک ہماری ویمن ایم پی ایز میں سے ایک اس بورڈ میں ہو، یہ اسمبلی وہاں پر Represent کر رہی ہو، It should now be increased.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی، اوکے، لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: میڈم! کسی خاتون کو نمائندگی دینے کے لئے باقاعدہ اس ایکٹ 'ٹیوٹا' ایکٹ میں ہمیں ترمیم کرنی پڑے گی تو اس پر بیٹھ جائیں گے ان شاء اللہ، اگر ترمیم کی ضرورت پڑی تو ہم کر لیں گے، Otherwise اس طرح ہم Legally نہیں کر سکتے جب تک اس میں ترمیم نہیں ہوتی ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اچھا، Have a look at وہ کہہ رہی ہیں کہ امنڈ منٹ اس میں ہو چکی ہے تو You have look at that then after the session کہ اس میں اگر ہے تیسری ممبر، وہ امنڈ منٹ نکالیں اس کی، Okay, we will look into that Aamna Sardar, we will look into that. Next Question, Malik Noor Salim Khan, Question No. 5455.

* 5455 _ جناب نور سلیم ملک: کیا وزیر محنت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ورکر ویلفیئر بورڈ میں بہت سے ملازمین کام کرتے ہیں جن میں کئی ملازمین برخاست کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013 کے بعد کون کونسے ملازمین کس طریقہ کار کی بنیاد پر برخاست کئے گئے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عبدالمنعم (معاون خصوصی برائے صنعت و حرفت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ ورکر ویلفیئر بورڈ خیبر پختونخوا میں بہت سے ملازمین کام کرتے ہیں جن میں سے کئی ملازمین برخاست کئے گئے ہیں۔

(ب) سال 2013 کے بعد 767 ملازمین ورکر ویلفیئر بورڈ فنڈ اسلام آباد کی ہدایت پر ملازمت سے برخاست کئے گئے کیونکہ ان ملازمین کی بھرتی Ban period میں ہوئی تھی، اسی طرح ورکر ویلفیئر بورڈ نے 165 مزید ملازمین کو مختلف وجوہات کی بناپر ملازمت سے برخاست کیا جس کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

جناب نور سلیم ملک: تھینک یو، میڈم! کوسچن نمبر 5455 تھا کہ " آیا یہ درست ہے کہ ورکرز ویلفیئر بورڈ میں بہت سے ملازمین کام کرتے ہیں جن میں سے کئی ملازمین برخاست کئے گئے ہیں، اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013 کے بعد کون کونسے ملازمین کس طریقہ کار کی بنیاد پر برخاست کئے گئے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟ میڈم! بڑی حیرانی کی بات ہے کہ تفصیل میں لکھا جا رہا ہے کہ 767 Employees were recruited in the period of Ban. When there was ban imposed by the Federal Government، اس وقت 767 ملازمین ہائر کئے گئے اور پھر جب پتہ لگا کہ وہ Ban ٹائم میں کئے گئے تھے تو انہیں برخاست کر دیا۔ میڈم! میں پوچھنا چاہوں گا کہ اتنا بڑا کھلواڑ ان بچوں کے ساتھ اور اس ادارے کے ساتھ کس نے کیا اور کیوں ایسا ہوا؟ آخر یہ قوم کے پیسے لگتے ہیں، ان بچوں نے کیا قصور کیا تھا؟ ان بچوں اور بچیوں نے جن کو ایک دفعہ ریکروٹ کیا گیا اور دوبارہ انہیں Terminate کر دیا گیا Due to their negligence of not knowing when the ban was there. Thank you Mam.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، امتیاز صاحب۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): میڈم، 22 فروری 2013 کو الیکشن کمیشن نے پابندی لگائی تھی ریکروٹمنٹ پر لیکن اس پابندی کی Violation کی گئی اور اس کے باوجود ریکروٹمنٹ ہوئی جس کو بعد میں

